SALMANS INTERNATIONAL TRAVELS (PVT) LTD
(Hajj & Umrah Services)
AGREEMENT WITH HUJJAJ – HAJJ 2019

معاہدہ سفر حج مابین حاجی و گروپ آرگنائزر برائے حج 2019

(Enrolment # 2136/I)

سعودی منظم نمبر: 3780

گروپ آرگنائزر سلمانز انٹر نیشنل ٹریولز {پرائیویٹ} لمیٹڈ اور حاجی کے درمیان طے پایا ہے جس کے تحت دونوں فریق پابند ہونگے:

1	گروپ آرگنائزر تقریباً 250 میٹر کے فاصلے تک مکہ مکرمہ میں رہائش کا بندوبست کرے گا۔
2	گروپ آرگنائزر تقریباً 350 میٹر کے فاصلے تک مدینہ منورہ میں رہائش کا بندوبست کرے گا۔
3	مکہ مکرمہ میں ہالف بورڈ {Half Board} کھانا ہوٹل مہیا کرے گا۔ اور مدینہ منورہ میں 3 وقت کا کھانا کمپنی مہیا کریگی۔ العزیزیہ میں کھانا ڈبل ڈش جبکہ منی اور عرفات میں کھانا سنگل ڈش یا پارسل مہیا کیا جائیگا۔
4	العزیزیہ/شیشہ/مساوی میں قیام تقریباً حج سے 3 رات پہلے اور 5 رات بعد رہائش حرم سے تقریباً 10 کلومیٹر دور {5,6,8 بیڈ کا کمرہ شراکتی بنیاد پر} ہوگی۔ جہاں مرد اور عورتیں الگ الگ کمروں میں رہائش پذیر ہونگے۔
5	ذوالقعدہ کے چاند کی وجہ سے العزیزیہ میں 1 دن قیام کم یا زیادہ ہو جائے تو مجھے {حاجی کو} کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔
6	ہر ہوٹل میں کمرے مختلف بیڈز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ لہٰذا گروپ لیڈر کے الاٹ شدہ کمرے ہی حاجی استعمال کرنے کے پابند ہونگے۔
7	گروپ آرگنائزر پیکج کے مطابق حجاج کو جو رہائش دے گا حجاج اس کے بدلنے کے مجاز نہیں ہونگے۔
8	پیکج میں قربانی شامل نہیں ہے۔
9	حج فلائٹ کے ضمن میں اگر کوئی حاجی اپنی مقرر کردہ فلائٹ چھوڑ دے یا پہلے آنا چاہے تو اس کی تمام ذمہ داری اور اخراجات حاجی پر ہونگے اور مقررہ پیکج میں کوئی ردوبدل نہیں ہوگا۔
10	ایئر لائن اومان/کویت ایئر ویز کی ہوگی جس کی روانگی اسلام آباد سے ہوگی۔ ہوائی جہاز میں ایک ٹکٹ پر وزن کی مقرر کردہ حد سے زیادہ سامان لے جانے کی صورت میں اضافی چارجز کی ذمہ داری حاجی پر ہوگی۔
11	زیارات اور ٹرانسپورٹ مکہ مکرمہ اور مدینہ شریف میں زیارات پر لے جانے اور واپس لانے کے تمام انتظامات بشمول ٹرانسپورٹ بذمہ کمپنی ہونگے۔
12	سعودی قوانین کے مطابق منشیات لے جانے کی سزا موت ہے۔ لہٰذا حاجی ایئرپورٹ پر اپنے سامان کی حفاظت کریں ایسی صورت میں گروپ آرگنائزر پر کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔
13	ہر حاجی معلم کی فراہم کردہ بسوں میں سفر کرنے کا پابند ہوگا۔ جدہ ایئرپورٹ پر رش ہونے کی صورت میں انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔ لہٰذا اس کی ذمہ داری گروپ آرگنائزر پر نہیں ہوگی اور اس دوران حاجی کو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔
14	وزارت مذہبی امور پاکستان کے قوانین کے مطابق مشاعر منی/عرفات اور مزدلفہ کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنا معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اگر ٹرانسپورٹ کسی وجہ سے لیٹ ہو جائے تو گروپ آرگنائزر ذمہ دار نہ ہوگا۔ منی سے طواف زیارہ کرنے کے لئے حاجی اپنے بندوبست پر آئے جائے گا تاہم رہنمائی کے لئے گروپ کے نمائندے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
15	رمی/کنکریاں مارنا سعودی تعلیمات اور معلم کے فراہم کردہ شیڈول کی پابندی ہر حاجی پر لازم ہوگی۔ بصورت دیگر جرمانہ وغیرہ کی صورت میں حاجی خود ذمہ دار ہوگا۔
16	اگر کسی بھی وجہ سے حاجی حج پر نہ جا سکے تو اس کی پیکج کی رقم ناقابل واپسی ہوگی اور کسی حادثے کی صورت میں وزارت مذہبی امور پاکستان کے قوانین کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔
17	تمام حج ویزے سعودی ایمبیسی اسلام آباد پاکستان سے بلا معاوضہ جاری کیے جاتے ہیں۔
18	پیکج تقریباً 28 سے 30 دن کا ہے جس کی کل رقم -/717000 روپے بمع ایئر ٹکٹ شیئرنگ کی بنیاد پر ہے۔

میں نے مندرجہ بالا تمام شرائط و ضوابط کو پڑھ لیا ہے، ان سے پوری طرح متفق ہوں اور ان کی پابندی کرونگا/گی۔ نامزد وارث کے کوائف بھی درست اور میرے مہیا کردہ ہیں۔ علاوہ ازیں میں یقین دلاتا/دلاتی ہوں کہ میں شیڈول کے مطابق حج کا عمل مکمل کر کے واپس آونگا/گی۔ اس معاہدے پر میں نے دستخط اور انگوٹھا خود لگایا ہے۔

نام	ولدیت/زوجیت	پاسپورٹ نمبر	فارم نمبر

صرف خواتین کیلئے: دوران سفر حج محرم کا نام	

دستخط و مہر حج گروپ آرگنائزر: _____ حاجی کے دستخط/انگوٹھا: _____

SALMANS INTERNATIONAL TRAVELS (PVT) LTD. ISLAMABAD PAKISTAN

Office # 11, Block-51, Chaudhry Plaza, Blue Area, Islamabad
Ph: 051-2279751-3, Cell # 0333-5103665, E-mail: salmantravel@hotmail.com

Scanned by CamScanner